# معروف ادیبہ وشاعرہ گگن گل کو ساہتیہ اکادمی ایوارڈ




نئی دہلی (یو این آئی) ہندی کی معروف ادیبہ و شاعرہ گگن گل کو ان کے شعری مجموعہ "جب تک آئی بہار" کے لئے سال 2023-24 کا ساہتیہ اکادمی ایوارڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔

ساہتیہ اکادمی کے سکریٹری کے سری نواس راؤ نے بدھ کو یہاں ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ سال 2023-24 کے لیے 21 زبانوں میں ساہتیہ اکادمی ایوارڈ کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان ایوارڈوں میں آٹھ شعری مجموعے، تین ناول، دو کہانیوں کے مجموعے، تین مضامین، تین ادبی تنقید، ایک ڈرامہ اور ایک تحقیقی کتاب شامل ہے۔

ساہتیہ اکادمی نے ہندی میں جب تک آئی بہار (نظم) کے شاعر گگن گل، انگریزی میں اسپرٹ نائٹس (ناول) کے مصنف ایسٹرن کیرے، گجراتی میں بھگوان نی واتو (نظم) کے شاعر دلیپ جھاویری، میتھلی میں پربندھ سنگرا (مضمون) کے مصنف مہیندر ملنگیا، مراٹھی میں وِداچے گدیا روپ (تنقید) کے مصنف سدھیر رسال، نیپالی میں تجھیرا (کہانی) کے مصنف یووا برال، راجستھانی میں گاؤن آراما (نظم) کے شاعر مکوٹ منیراج، سنسکرت میں بھاسکر چرتم (نظم) کے شاعر دیپک کمار شرما، آسامی میں فارینگیور باٹور کتھا جانے (نظم) کے شاعر سمیر تانتی، بوڈو میں سورانے نگھائے (ناول) کے مصنف ارن راجہ، کنڑ میں ندی گالا الیو (تنقید) کے مصنف کے وی نارائن، کشمیری میں سانگیترک وارڈ (ناول) کے مصنف سوہن کول، کوکنی میں رنگ ترنگ (مضمون) کے مصنف مکیش تھالی، ملیالم میں پتنگلا کیشینی (نظم) کے شاعر جے کمار، منی پوری میں میتو بورا نگشی شیرول (نظم) کی ہوبم ستیاوتی دیوی، اڑیہ میں بھوتی بھکتی وبھوتی (مضمون) کے مصنف بشنو چرن سائل، پنجابی میں سن گنوتا سن بدھیوتا اتہاسنامہ پنجاب کی شاعرہ پال کور، سنتالی میں سیچیڈ ساودتا رین آندھا منامی (ڈرامے) کے مصنف مہیشور سورین، سندھی میں پورجو (کہانی) کے مصنف ہندراج بلوانی، تمل میں تیروونل ویلی ایجیکیم و ووسیم 1908 (تحقیق) کے مصنف اے۔ آر وینکٹا چلا پاتھی، تیلگو میں دیپکا (ادبی تنقید) کے مصنف پینو مونڈا لکشمی نارائنا کو ایوارڈ دینے کا اعلان کیا ہے۔ بنگالی، ڈوگری اور اردو میں ایوارڈز کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

انہوں نے بتایا کہ ایوارڈ پیش کرنے کے لیے مارچ 2025 میں قومی دارالحکومت میں ایک تقریب کا اہتمام کیا جائے گا۔ جیتنے والوں کو ایک کندہ شدہ تانبے کی پلیٹ، ایک شال اور ایک لاکھ روپے سے نوازا جائے گا۔ یہ ایوارڈ گزشتہ پانچ برسوں میں شائع ہونے والی کتابوں پر دیے جاتے ہیں۔ مسٹر راؤ نے کہا کہ فاتحین کا انتخاب متعلقہ زبانوں کی جیوری نے کیا ہے اور ساہتیہ اکادمی کے صدر مادھو کوشک کی صدارت میں آج ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں انہیں منظوری دی گئی۔